# سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 1985

# SINDH ACT NO.V OF 1985

# کراچی ڈویژن (ٹریفک انجنیئرنگ) ایکٹ، 1985

# THE KARACHI DIVISION (TRAFFIC ENGINEERING) ACT, 1985

## (CONTENTS فہرست)


تمہید

(Preamble)

دفعات

Sections

1. مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات

Short title, extend and commencement.

2. اوورائیڈنگ افیکٹ

Overriding effect.

3. تعریف

Definition

.4 بورڈ کا قیام اور تشکیل

Establishment and Constitution of the Board .

.5 بورڈ کے اختیارات اور امور

Powers and functions of the Board .

.6 بورڈ کے اجلاس

Power to make rules.

.7 کمیٹی کی تشکیل

Constitution of the Committee

.8 کمیٹی کے امور

Functions of the Committee

.9 کمیٹی کے اجلاس

Meetings of the Committee

.10 ڈائریکٹر جنرل اور اس کے اختیارات

Director General and his powers.

.11 ڈائریکٹر جنرل، عملداروں اور دوسرے عملے کی مقرری

Appointment of Director, Officers and others staff.

.12 بیورو کے کام

Functions of the Bureau

13. بیوروکاڈائریکٹر اوراس کے کام

Director of the Bureau and his powers.

14. عملداروں،ماھرین صلاحکار اور عملے کے اختیارات اور امور

Powers and functions of the officers, experts consultants and staff.

15. روڈکے کنٹرول کی منتقلی

Transfer of control of road.

16. تجاوزات

Encroachment.

17. کچھ اقدامات سے منع

Prohibition of certain acts.

18. روڈز کی عارضی بندش

Temporary closure of roads

19. روڈز کی مستقل بندش

Permanent closure of roads

20. روڈ کی گاڑیوں کے درجات یا جانوروں کے ضوابط

Regulations of classes of vehicles or animals on a road

21. فنڈ

Fund

22. فنڈز جمع کرنا

Crediting of the funds.

23. فنڈز کی سرمایہ کاری اور استعمال کرنا

Investment and utilization of the funds.

24. قرض، گرانٹس، امداد اور تحائف

Loans, grants aid and gifts.

25. اکاؤنٹس اور آڈٹ

Accounts and audit

26. واجبات کی وصولی

Recovery of dues

27. جرم کا ازالہ

Cognizance of offence

28. افراد جو سرکاری ملازم سمجھے جائیں گے

Persons deemed to be public servants

29. ایکٹ کے تحت اقدام لینے والوں کا تحفظ

Protection to persons taking action under the Ordinance

30. بیورو کے اقدام اور کاروائیوں پر حکومت کے ضوابط

Control of Government over acts and proceeding of the Bureau

31. ہدایات دینے کے اختیار

Power to give Directions.

32. سالانہ رپورٹ

Annual report

33. حکومت کا قواعد بنانے کا اختیار

Power of Government to make rules

34. بیورو کے ضوابط بنانے کے اختیار

Power of the Bureau to make regulations

35. 1985 کے سندھ آرڈیننس نمبر V کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance V of 1985

# سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 1985

# SINDH ACT NO.V OF 1985

# کراچی ڈویژن (ٹریفک انجنیئرنگ) ایکٹ، 1985

# THE KARACHI DIVISION (TRAFFIC ENGINEERING) ACT, 1985

[۱۲دسمبر، ۱۹۸۵]

ایکٹ جس کے ذریعے کراچی ڈویژن میں روڈ حفاظت کے فروغ اور روڈ کے استعمال کو آسان بنانے کے لیئے اقدامات لیئے جائیں گے۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ کراچی ڈویژن میں روڈ حفاظت کو فروغ دلانے اور روڈ کے استعمال کو آسان بنانے کے لیئے اقدامات لیناضروری ہو گیا ہے،

## باب–I

## Chapter –I

## شروعاتی

## Preliminary

مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extend and commencement.

1.(1) اس ایکٹ کو کراچی ڈویژن (ٹریفک انجنیئرنگ) ایکٹ، 1985 کہا جائے گا.

(2) اس کی پورے کراچی ڈویژن تک توسیع کی جائے گی،

(3) یہ ایسی تاریخ سے اور ایسے علاقے میں لاگو ہو گا جیسا حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکشن میں بیان کرے۔

اوورائیڈنگ افیکٹ.

Overriding effect.

2. اس آرڈیننس کو اوور رائیڈنگ افیکٹ حاصل ہو گا جب تک کچھ وقتی طور لاگو کسی دوسرے قانون کے متضاد نہ ہو۔

تعریف

Definition

3.(1) اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک،

(i) "اتھارٹی" سے مراد کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی،

(ii) "بورڈ" سے مراد دفعہ 4 کے تحت قائم کی گئی کراچی ٹرانسپورٹ بورڈ،

(iii) "بیورو" سے مراد اتھارٹی کی ٹریفک انجنیئرنگ بیورو،

(iv) "بس" سے مراد کوئی کانٹریکٹ کیرتج، اسٹیج کیرتج یا عوامی خدمت کی گاڑی،

(v) "چیئرمین" سے مراد بورڈ کا چیئرمین،

(vi) "کمیٹی" سے مراد دفعہ 7 کی تحت بنائی گئی ٹرانسپورٹ آپریشن کمیٹی،

(vii) "ڈائریکٹر" سے مراد بیورو کا ڈائریکٹر

(viii) "ڈائریکٹر جنرل" سے مراد اتھارٹی کا ڈائریکٹر جنرل،

(ix) "فنڈ" اس ایکٹ کے تحت بنایا گیا ٹریفک انجنیئرنگ بیورو فنڈ،

(x) "حکومت" سے مراد سندھ حکومت،

(xi) "لوڈنگ یا ان لوڈنگ" سے مراد افراد یا اشیاء اتارنا یا چڑھانا،

(xiii) "پارکنگ" سے مراد گاڑی کو کھڑی کرنے کے سوا کسی دوسرے روڈ کو استعمال کرنے والے سے مداخلت سے بچنے کی ضرورت یا کسی رکاوٹ سے ٹکرائو یا ٹریفک قوانین پر عمل، یا افراد یا اشیاء اتارنے یا چڑھانے کے سبب سے،

(xiii) "بیان کردہ" سے مراد قواعد یا ضوابط کے تحت بیان کردہ.

(xiv) "روڈ" سے مراد کیرج ویز، گلیاں اور لینز بشمول فٹ پاتھ اور پختہ سڑکوں کے، جو اس کے سامنے ہوں، جو حکومت یا کسی مقامی اتھارٹی کی طرف سے تعمیر کیئے یا سنبھالے گئے ہوں اور عوام کے لیئے گاڑیوں کا گذر کے لیئے تیار کیا گیا اور ارادہ کیا گیا یا زیر استعمال ہوں اور جس میں شامل ہیں تمام کلورٹ پل اور کسی روڈ پر زیریں قسم کا بنایا گیا کام،

(xv) "قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد،

(xvi) "ضوابط" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے ضوابط،

(xvii) "ٹرک" سے مراد ٹرانسپورٹ گاڑی جس کی رجسٹرڈ ایکسل کا وزن 5،000 کلوگرامز ہو، یا رجسٹرڈ کیا گیا وزن 6،500 کلوگرامز سے زائد ہوں،

(xviii) "گاڑی" سے مراد کوئی بھی پہیوں والی سواری جو کسی بھی قسم طاقت، بشمول افراد یا جانوروں کی طاقت سے کھینچ کر یا چلائی جاتی ہو

(2) اس ایکٹ میں نہ گنوائے گئے لفظ اور اظہار، جب تک مفہوم کچھ دوسرا نہ طلب کرے، اس کو یہ معنٰی حاصل ہوگی، جو کہ صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس میں دی گئی ہیں۔

## باب–II

## CHAPTER –II

## کراچی ٹرانسپورٹ بورڈ

## The Karachi Transport Board

### بورڈ کا قیام اور تشکیل

### Establishment And Constitution Of The Board

بورڈ کا قیام اور تشکیل

4. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ایک بورڈ قائم کرے گی، جس کو کراچی ٹرانسپورٹ بورڈ کہا جائے گا،

Anti-Property Defacement Task Force

(2) بورڈ مشتمل ہوگا:

(i) وزیر اعلیٰ چیئرمین

(ii) ڈائریکٹر جنرل — رکن

(iii) ڈائریکٹر — ٹیکنکل رکن اور

(iv) ایسے دوسرے آفیشل اور نان آفیشل رکن جو وقتاً فوقتاً حکومت کی طرف سے مقرر کیئے جائیں۔

(3) چیئرمین کسی شخص کو خاص مقصد کے لیئے یا بیان کیئے گئے عرصے کے لیئے بورڈ کے رکن کے طور پر مقرر کر سکتا ہے.

(4) چیئرمین کسی شخص یا رکن کو بورڈ کے سیکریٹری کے طور پر مقرر کر سکتا ہے.

(5) رکن حکومت کی رضامندی سے عہدہ رکھ سکتا ہے.

## حصہ–II

## Chapter –Ii

## بورڈ کے اختیارات اور امور

## Establishment And Constitution Of The Board

بورڈ کے اختیارات اور امور

Removal of existing defacement on property.

5. (1) بورڈ کے پاس جب تک کچھ اس ایکٹ کے متضاد نہ ہو، اختیارات حاصل ہونگے کہ:

(i) ٹرانسپورٹ اور ٹریفک اور اس سے متعلقہ تمام معاملات کا جائزہ لے اور حل کرے،

(ii) بیان کیئے گئے معاملات کے سلسلے میں حکمت عملیاں بنائے،

(iii) حکمت عملی کے سوالات پر رہنمائی فراہم کرنا ایسی ہدایات کے ذریعے جسے وہ وقتاً فوقتاً ٹرانسپورٹ سیکٹر میں منسلک ایجنسیز کو فراہم کرے۔

بورڈ کے اجلاس

6. بورڈ کے اجلاس ایسے اوقات پر اور ایسی جگھوں پر اور ایسے طریقے سے بلائے جائیں، جیسا چیئرمین کی۔

طرف سے ہدایت کی جائے.

Power to make rules.

باب–III

Chapter –Iii

ٹرانسپورٹ آپریشن کمیٹی

Transport Operation Committee

حصہ–I

Part–I

کمیٹی کی تشکیل

Constitution Of The Committee

کمیٹی کی تشکیل

Constitution of the Committee

7.(1) حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے کمیٹی بنائے گی، جسے ٹرانسپورٹ آپریشن کمیٹی کہا جائے گا.

(2) کمیٹی ٹرانسپورٹ کے وزیر پر مشتمل ہو گی، جو اس کا چیئر مین ہو گا اور ایسے دوسرے عملدار اور نان آفیشل میمبر ہونگے جیسے حکومت مقرر کرے۔

حصہ–II

Part–II

کمیٹی کے کام

Functions Of The Committee

کمیٹی کی تشکیل

Constitution of the Committee

8. بورڈ کے ضوابط اور ہدایت کے مطابق کمیٹی:

(i) ایسے اختیار استعمال کرے گی اور ایسے اقدامات لے گی جو اس آرڈیننس کے مقاصد

حاصل کرنے کے لیئے ضروری ہوں؛

(ii) ٹرانسپورٹ سیکٹر میں تمام ایجنسیوں کی سرگرمیوں میں موثر تعاون کے لیئے ذمہ دار ہوگی؛

کمیٹی کے اجلاس

Meetings of the Committee

9. کمیٹی ایسے وقتوں اور ایسی جگہوں پر اجلاس کرے گی جیسا کمیٹی کے چیئرمین کی طرف سے ہدایت کی گئی ہوں اور دو ماہ کے دوران میں کم از کم ایک مرتبہ اجلاس کیا جائے گا.

حصہ–IV

Chapter –IV

ٹریفک انجنیئرنگ بیورو

Traffic Engineering Bureau

ڈائریکٹر جنرل اور اس کے اختیارات

Director General and his powers

10.(1) بیورو کی سربراہی ڈائریکٹر جنرل کی جائے گی.

(2) عام ہدایت اور بیورو کے انتظام اور اس کے معاملات ڈائریکٹر جنرل کے پاس ہوں گے جو تمام امور سرا انجام دے سکتا ہے اور تمام اقدام لے سکتا ہے اور تمام چیزیں کر سکتا ہے جو بیورو کی طرف سے استعمال کیئے یا سرانجام دیئے جاتے ہوں.

ڈائریکٹر جنرل، عملداروں اور دوسرے عملے کی مقرری

11.(1) ڈائریکٹر جنرل بیورو کے امور کی موثر کارکردگی کے لیئے ڈائریکٹر سے اضافی جو کل

Appointment of Director, Officers and others staff.

وقتی عملدار ہو گا، ایسے دوسرے عملدار، عملہ، ماہر اور صلاحکار کل وقتی یا عارضی طور پر مقرر کر سکتا ہے۔ جیسا ضروری سمجھے.

(2) ڈائریکٹر، عملدار، عملہ، ماہرین اور صلاحکار ایسا پروفیشنل، ٹیکنکل، وزارتی یا سیکریٹریل اہلیت اور تجربہ رکھتے ہوں اور ان شرائط اور ضوابط کے تحت مقرر کیئے جائیں گے اور جیسا قواعد کے مطابق بیان کیا گیا ہو بشرطیکہ ایسے شرائط اور ضوابط اس آرڈیننس کی شروعات سے فوری پیشتر ان کو ملنے والے قواعد سے کم فائدہ مند نہ ہوں.

(3) ڈائریکٹر، عملدار، ماہر، صلاحکار جو کل وقتی طور پر رکھے گئے ہوں اور بیورو کا عملہ ایسے انتظامی لائق اقدامات ہو گا اور ایسے طریقے جیسا قواعد میں بیان کیا گیا ہو.

بیورو کے کام

Functions of the Bureau

12.(1) بیورو

i. بورڈ کی طرف سے بنائی گئی حکمت عملی یا منظور کی گئی اسکیموں یا جاری کیئے گئے احکامات پر فوری بنیادوں پر اور موثر نمونے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا.

ii. روڈز کے منصوبے طے کرنا، معیار بنانا، تفصیل اور نقشے طے کرنا کہ جیسا ایسے روڈز پر ٹریفک کو محفوظ بنانے اور آسان استعمال اور موثر نقل و حرکت کو یقینی بنایا جاسکے اور اسی طرح کے روڈ یا پلوں کی تعمیر یا مرمت کے دوران تحویل میں لینے کے لیئے متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو فراہم کرنا،

iii. متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو کوئی روڈ یا اس کا حصہّ عارضی طور پر یا مستقل طور پر موڑنے، تبدیل کرنے یا بند کرنے کا مشورہ دے سکتا ہے.

iv. کسی بھی موجود روڈ کی باونڈریز متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کی طرف سے کشادہ کر کے تبدیل کر کے، بہتری، مرمت کرا کے یا دوبارہ بنا سکتا ہے،

v. متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو روڈ سے کسی املاک تک رسائی کے لیئے مخصوص، ہموار کر کے دینا اور ملاپ کی جگہ بنانا پہنچانا،

vi. متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو روکاوٹوں، متبادل یا کسی دوسرے مقصد کے لیئے کوئی روڈ یا اس

کا کوئی حصہ استعمال کرنے کے لیئے گاڑیوں کی قسم، تعداد اور رفتار کے متعلق مشورہ دے سکتا ہے.

vii. روڈز روزمرہ ٹریفک کی نگرانی کر سکتا ہے اور متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو ٹرانسپورٹ پالیسی بنانے کے لیئے ایسا مشورہ دے سکتا ہے جیسا ضروری سمجھے۔

viii. ہر پولیس اسٹیشن یا دوسرے ذرائع سے ملی ہوئی ماہانہ حادثوں کی رپورٹس کی بنیاد پر روڈ حادثات کے اعداد و شمار جمع کرنا، معائنہ کرنا اور شائع کرنے کے لیئے ذمہ دار ہو گا،

ix. پیدل چلنے پیدل والوں کی ضروریات اور سہولیات بیان کرے گا، جو اسے متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کی طرف سے فراہم کی جائیں گی (بشمول اوور ہیڈ برجیز اور انڈر گراونڈ راستوں کے) تاکہ ان کو محفوظ طریقے سے روڈ پار کرنے کو آسان بنایا جا سکے،

x. تصدیق کرے گا کہ بس روٹس روڈ کی گنجائش کے مطابق ہیں اور راگر ضروری سمجھے تو ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کو روٹس کی نظر ثانی، منصوبہ بندی دوبارہ منصوبہ بندی اور روڈ کی گنجائش کو پیش نظر رکھے گی روٹ پرمٹس رد کرنے کی سفارش کرے گا،

xi. ٹریفک سگنلز کا انتظام کرنے، نمونے، تفصیل، لگانے، ضابطہ، کام کرنا، نگرانی کرنا اور مرمت کرنا،

xii. بس اور ٹرک اسٹاپس اور ٹرمینلز کی طلب کے متعلق آگاہ کرے گا اور متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو ایسے اسٹاپس یا ٹرمینلز کی جگہ اور جگہ تبدیلی کے متعلق سفارشات کرے گا،

xiii. متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو روڈز کے علائقے گنوائے گا یا آگاہ کرے گا، جہاں گاڑیوں کی پارکنگ یا لوڈنگ یا ان لوڈنگ منع ہو گی،

xiv. پارکنگ پالیسی بیان کرے گا اور چلائے گا اور پارکنگ فیس لاگو کرے گا،

xv. کراچی بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے ساتھ مل کر مخصوص قسم کی عمارتوں میں گاڑیوں کو محفوظ اور قابل رسائی، پارکنگ اور نقل و حرکت کے لیئے مناسب گنجائش بنانے کو یقینی بنائے گا.

xvi. متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو اشتہاری نشانات، نیون سائنز، ہورڈنگز، پولز اور پوسٹس کے ضوابط، لگانے، سائز اور جگہ کے متعلق مشورہ دے گا اور ایسی ایجنسی یا اتھارٹی کو ایسے

اشتہاری نشانات، نیون سائنز، ہورڈنگز، پولز ہٹانے یا تبدیلی کے لیئے سفارشات کرے گا،

xvii. روڈ تحفظ کے لیئے طلب بیان کرے گا، تعلیمی پروگرامز، تربیتی کورس کا انتظام کرے گا اور ٹریفک تحفظ کی معلومات کو فروغ دلانے کے لیئے مہم چلائے گا اور عوام ٹریفک قوانین کے متعلق مزید شعور پیدا کرے گا،

xviii. متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو کسی روڈ یا اس سے متعلقہ علائقے میں تجاوزات ہٹانے کے لیئے کہے گا، جو ٹریفک میں رکاوٹ ڈالے یا خطرہ ہو،

xix. جانچ کرائے گا اور مختلف ایجنسیز کو ٹریفک اور ٹرانسپورٹ پالیسی اور منصوبہ بندی پر مشورہ دے گا،

xx. حکومت کو ٹریفک پولیس کی اصلاحات یا دوبارہ تنظیم سازی کے لیئے سفارشات کرے گا،

xxi. ایسے اقدام لے گا جو اس کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے ضروری اور مفید ہوں،

xxii. ایسے دوسرے کام سرانجام دے گا جو اس کو بورڈ، کمیٹی یا ڈائریکٹر جنرل کی طرف سے اس آرڈیننس کے تحت سونپے گئے ہوں.

(2) بیورو اپنے کام سرانجام دے گی پولیس سے مدد طلب کرنے کا اختیار حاصل ہو گا، جہاں ضروری ہوں اور ایسی ہر درخواست پر پولیس فوری طور پر طلب مدد فراہم کرے گی.

(3) ذیلی دفعہ (1) میں بیان کردہ کسی معاملے کے سلسلے میں بیورو کی طرف سے دیئے گئے مشورے یا کی گئی سفارشات پر جتنا ممکن ہو سکے عمل کیا جائے گا یا متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کی طرف سے عمل درآمد کیا جائے گا

(4) اگر بیورو کا کوئی مشورہ یا سفارش متنازع ہے، متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی بیورو سے ایسے مشورے یا سفارشات پر دوبارہ غور کرنے کے لیئے کہے گی اور اگر دوبارہ غور کرنے کے بعد بھی اگر فرق موجود رہے، تو معاملہ بیورو کی طرف سے کمیٹی کے سامنے رکھا جائے گا اور اس کے احکام حتمی اور تعمیری ہونگے.

(5) بیورو نگرانی کرنے اااور اس کے مشورے اور سفارشات پر عمل درآمد کے معائنے کے لیئے

مجاز ہو گا اور اس کے مطمئن ہونے کی صورت میں مشورے یا سفارش پر بیان کردہ طریقے عمل درآمد نہیں کیا جائے گا یا اس پر عملدرآمد میں نقص ہے، وہ متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کو خاص ہدایات دے سکتا ہے، جو اس پر عمل کرے گا.

بیورو کا ڈائریکٹر اور اس کے کام

Director of the Bureau and his powers.

13. اس آرڈیننس کی گنجائشوں اور قواعد کے مطابق اور ڈائریکٹر جنرل کے تمام ضابطے کے تحت، ڈائریکٹر:

(a) بیورو موثر ضابطہ ہو گا اور بیورو کے روزمرہ کے معاملات کو بہتر نمونے چلانے کے لیئے ذمہ دار ہو گا:

(b) بیورو کے مالی اور ایگزیکیوٹو انتظامیہ کی نگرانی کرے گا اور ایسی تمام ذمہ داریاں سرانجام دے گا جو اسے سونپی گئی ہوں اور اس آرڈیننس کے تحت اسے سونپے یا منتقل کیئے گئے تمام اختیارات استعمال کرے گا.

(c) متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کی طرف سے احکام یا بورڈ یا کمیٹی کی طرف سے منظور کی گئی اسکیمیں یا بیورو کی طرف دیئے گئے مشوروں کی سفارشوں پر عمل درآمد کی نگرانی کے لیئے ذمہ دار ہو گا اور ضروری اتھارٹی حاصل ہو گی،

(d) بیورو کے عملداروں پر انتظامی ضابطے کے اختیارات حاصل ہونگے.

14. عملدار، ماہر، صلاحکار اور بیورو کا عملہ ایسے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے کام سرانجام دے گا، جو اسے ڈائریکٹر کی طرف سے سونپے گئے ہوں.

عملداروں ، ماھرین صلاحکار اور عملے کے اختیارات اور امور

Powers and functions of the officers, experts consultants and staff

## باب–V

## Chapter –V

## ٹریفک اور روڈز ضابطے اور ٹریفک کے ریگیو لیشن

## Control Of Traffic And Roads And Regulations Of Traffic

روڈ کے کنٹرول کی منتقلی

Transfer of control of road.

15. حکومت نوٹیفیکشن کے ذریعے خود سے یا کسی دوسری اتھارٹی کی طرف سے کسی روڈ کے ضابطے بیورو کی طرف منتقل کر سکتی ہے، اس سلسلے میں کہ ایسے معاملات کا اس آرڈیننس کے تحت سامنا کیا جائے گا، اور ان شرائط کے تحت، جیسا نوٹیفکیشن میں بیان کیا گیا ہو.

تجاوزات

Encroachment

16.(1) روڈ کی تعمیر اور مرمت یا اس ضابطہ رکھنے والی متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی، بیورو کے مشورے سے اور روڈ پر ٹریفک کے تحفظ اور روانی کو نظر میں رکھتے ہوئے اور ان شرائط کے مطابق جو بیورو اس پر عائد کرے، ایسی فیس کی ادائیگی پر کسی شخص کو پرمٹ دے گی، جیسا وہ طے کرے:

(a) گراونڈ کی سطح پر اس کی اونرشپ کے تحت عمارت کے سامنے کسی روڈ پر متحرک تجاوزات رکھنا،

(b)روڈ پر متحرک تعمیر کرنا،

(c) کسی روڈ پر عمارتی سامان، فروخت کے لیئے اشیاء یا دوسری اشیاء رکھنا یا سبب بننا،

(d) روڈ پر اسٹال یا چبوترہ بنانا.

(2) کوئی بھی شخص جو ذیلی دفعہ (1) میں بیان کردہ کوئی بھی کام کرتا ہے یا متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کی تحریری اجازت کے سواء رکاوٹ یا باڑ لگاتا ہے تو اسے جرمانے کی سزا دی جائے گی جو پانچ ہزار روپئے تک بڑھ سکتی ہے اور ایسی ایجنسی یا اتھارٹی جوابدار کو خلاف ورزی کرنے پر تعمیر، رکاوٹ، گودام، سامان، اشیاء یا چبوترہ ہٹانے کے لیئے موزوں نوٹس دینے کے بعد اور ایسے نوٹس پر اس میں بیان کیئے گئے وقت کے اندر عملدرآمد میں ناکامی کے بعد، خود ساختہ خلاف ورزی تعمیر، رکاوٹ، باڑ، ڈپازٹ، سامان، اشیاء، اسٹال یا چبوترہ ہٹائے گی اور اس پر آنے والی لاگت جوبدار سے وصول کی جاسکتی ہے.

کچھ اقدامات سے منع

Prohibition of certain acts.

17.(1) جب تک کچھ وقتی طور لاگو کسی دوسرے قانون کے متضاد نہ ہو، کوئی شخص یا اتھارٹی بیورو کی اجازت کے سواء مندرجہ ذیل کوئی بھی کام نہیں کرے گا، یعنی.

(a) کوئی بھی روڈ کو نہ کھودے گا نہ توڑے گا،

(b) ایسے روڈ پر، زیریں یا بالائی کچھ تعمیر نہیں کیا جائے گا یا کوئی کیبل، وائر، پائپ، نالہ، سیور یا کسی قسم کی نہر سے منسلک کسی کام کی مرمت یا تبدیلی نہیں کرے گا، ایسے کسی روڈ پر، زیریں یا بالائی کسی قسم کا کام نہیں کرے گا.

(c) ذیلی دفعہ (1) کے تحت اپنی اجازت دیتے ہوئے بیورو ایسے شرائط عائد کرے گا جیساوہ ضروری سمجھے.

(3) اگر بیورو کی اجازت کے سوا کوئی شخص ذیلی دفعہ (2) میں بیان کیا گیا کوئی قدم اٹھاتا ہے، اسے جرمانے کی سزا دی جائے گی، جو تین ہزار روپئے تک بڑھ سکتا ہے اور بیورو جوابدار کو غیر قانونی کام ہٹانے اور روڈ کو پہلی حالت میں بحال کرنے کے لیئے موزوں نوٹس دے گا اور اس کے بیان کردہ کام ہٹانے اور روڈ کو مندرجہ بالا طریقے کے مطابق بحال کرے گا اور متعلقہ شخص سے اس کا خرچ وصول کیا جائے گا.

روڈز کی عارضی بندش

18.(1) اگر کوئی روڈ یا اس کا کوئی حصہ مرمت یا اس آرڈیننس کے تحت بیورو کے کاموں

| | |
|---|---|
| Temporary closure of roads | سے متعلق دوسرے مقصد کے لیئے عارضی طور پر بند کیا گیا ہو، اس طرح سے کہ جیسے ٹریفک کے گزر میں مداخلت ہو، تو متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی متبادل کے نوٹسز، رکاوٹوں یا بیورو کی طرف سے مشورہ دی گئی ڈِوائسیز بند شدہ حصے کے آخر پر لگائے گی، اور ایسی ایجنسی یا اتھارٹی ایسے دوسرے ذرائع کے توسط سے حقیقت کا اعلان کرے گی، جیسا وہ مناسب سمجھے. |
| | (2) متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی علائقوں سے روڈ کے کھلے حصے تک رسائی دینے کے موزوں مقصد کے لیئے جو ایسی بندش کے سبب رسائی سے محروم ہوں رسائی دینے کے ساتھ ساتھ موزوں ٹریفک کے گذر کا بندوبست کرے گی اور ان مقاصد کے لیئے بیورو کے مشورے سے عارضی رسائی دے گی اور متبادل راستے بنائے گی. |
| روڈز کی مستقل بندش<br>Permanent closure of roads | 19. (1) متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی کوئی روڈ یا روڈ کا کوئی حصہ مستقل طور پر بند کرنا چاہتی ہو، بیورو سے مشورہ کرے گی اور اس ارادے کے متعلق عوام کے لیئے ایک یا ایک سے زیادہ اخبارات میں نوٹس دے گی. |
| | (2) نوٹس کے ذریعے شائع ہونے والی تاریخ سے کم از کم پندرہ دن کے عرصے کے اندر تجویز کردہ بندش پر اعتراض طلب کیئے جائیں گے. |
| | (3) فیصلہ کرتے وقت متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی بیورو کے مشورے کو مد نظر رکھتے ہوئے اور ایسے تمام اعتراض زیر غور رکھے گی ایسی دوسری انکوائریز کرنے کے بعد جیسا وہ ضروری سمجھے یہ یقینی بنائے گی کہ تجویز کی گئی بندش متاثر علائقے کے رہائشیوں کی رسائی یا ایسے علائقے میں نقل و حرکت کے مقصد کے لیئے متبادل کی کمی کے سلسلے میں تکلیف کا باعث نہیں بنے گی. |
| | (4) جہاں مندرجہ بالا تکلیف پیش آتی ہے، متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی بیورو سے مشورے کے بعد روڈ بند کر سکتی ہے، اگر بیورو مطمئن ہے کی متبادل روڈ پھر چاہے وہ پہلے سے موجود ہو یا نیا تعمیر کیا گیا ہے وہ علائقے کی عام ضروریات کو بند کرنے کے لیئے تجویز کیئے گئے روڈ سے زیادہ مطمئن کرنے والی حد تک پورا کرے گا. |
| | (5) اگر کوئی شخص ایسے فیصلے سے متاثر ہوا ہے تو وہ ایسے فیصلے کے خلاف کمیٹی کو اپیل |

کر سکتا ہے اور اپیل پر کمیٹی کی طرف سے جاری کیے گئے احکام حتمی ہونگے.

روڈ کی گاڑیوں کے درجات یا جانوروں کے ضوابط

Regulations of classes of vehicles or animals on a road

20. متعلقہ ایجنسی یا اتھارٹی بیورو سے مشورے کے بعد روڈ یا اس کے کسی حصے پر گاڑیوں کے کسی درجے یا جانوروں کے یا پیدل چلنے والوں کی نقل و حرکت پر مستقل طور یا عارضی بنیادوں پر پابندی عائد کر سکتی ہے یا منع کر سکتی ہے، اگر ایسی پابندی یا منع اس کے خیال میں عوام کے تحفظ یا سہولت، یا دوسرے کچھ مناسب ہو.

باب – VI

Chapter _VI

مالیات، آڈٹ اور اکاونٹس

Finance Audit And Accounts

فنڈ

Fund

21. (1) بیورو کا ایک الگ فنڈ ہو گا، جیسے ٹریفک انجنیئرنگ بیورو فنڈ" کہا جائے گا.

(2) فنڈ مشتمل ہو گا:

(a) حکومت سے حاصل کی گئی گرانٹس اور سبسڈی،

(b) بیورو کی طرف سے جمع کی گئی یا حاصل کیا گیا قرض،

(c) اس آرڈیننس کے تحت فراہم کی گئی خدمات کے لیئے فیس اور دوسرے چارجز،

(d) کسی مقامی اتھارٹی کی طرف سے کی گئی گرانٹس، بشرطیکہ یہ کہ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی ایسی گرانٹس حکومت کی طرف وقتاً فوقتاً طے کیئے گئے اوقات پر ہو گی.

(e)وفاقی حکومت یا کسی دوسرے پاکستان کے یا غیر ملکی قسم کے ڈونر ایجنسی کی طرف حاصل کی گئی تمام رقوم،

(f)اس آرڈیننس کے تحت حاصل کرنے کے لائق دوسری تمام رقوم.

فنڈز جمع کرنا

Crediting of the funds.

22. فنڈ میں رکھی گئی رقم حکومت کی طرف سے منظور کی گئی کسی شیڈول بینک میں جمع کی گئی جائے گی۔

فنڈز کی سرمایہ کاری اور استعمال کرنا

Investment and utilization of the funds

23. (1)فنڈ بیورو کی طرف سے سنبھالا جائے گا اور اس آرڈیننس کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے ضروری خرچ برداشت کرنے کے لیئے استعمال کیا جائے گا بشمول اس ادائیگی کے:

(a) روڈز کے سرویز، تحقیق یا تعمیر، دوبارہ تعمیر کی لے آوٹ یا مرمت کے سلسلے میں چارجز اس آرڈیننس کے تحت تیار کی گئی اسکیم کو مکمل کرنا،

(b)قرض اور اس پر سود،

(c)عملے کے ارکان، عملداروں بشمول ڈائریکٹر، ماہرین، صلاحکار اس آرڈیننس کے تحت کسی کام کے لیئے رکھی گئی ایجنسیز اور بیورو کے دوسرے ملازمین کی تنخواہیں اور معاوضہ.

(2)فنڈ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت یا صوبائی حکومت کی کسی سیکورٹی یا حکومت کی طرف سے منظور کی گئی دوسری سیکورٹی میں لگایا جائے گا۔

| | |
|---|---|
| قرض، گرانٹس، امداد اور تحائف<br><br>Loans, grants aid and gifts. | 24. بیورو بورڈ کی پہلے سے جاری کی گئی رقم میں سے اور ایسی شرائط ور ضوابط کے تحت جیسا بورڈ کی طرف منظور کیا جائے حاصل کر سکتا ہے:<br>(a) اس آرڈیننس کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے بینکس یا دوسرے وسائل سے قرض،<br>(b) پاکستان یا غیر ملکی قسم کے ڈونر ایجنسیز سے گرانٹس، امداد، قرض یا تحائف. |
| اکاؤنٹس اور آڈٹ<br><br>Accounts and audit | 25. (1) بیورو اپنے اکاؤنٹس اور روڈ ایسے طریقے اور اس طرح رکھے گا، جیسا قواعد کے مطابق بیان کیا گیا ہو.<br>(2) بیورو سالانہ بیلنس شیٹ تیار کرے گا یا تیار کرنے کا سبب بنے گا، جیسا قواعد کے مطابق بیان کیا گیا ہو.<br>(3) بیورو کے اکاؤنٹس ہر مالی سال میں کم از کم ایک مرتبہ حکومت کی طرف سے منظوری دیئے گئے باہر کے آڈیٹرز کی طرف سے ایسی ادائیگی پر جیسا حکومت کی طرف سے طے کی گئی ہو، آڈٹ کیئے جائیں گے.<br>(4) ذیلی دفعہ (3) کے تحت حتمی طور پر آڈٹ کیئے گئے اکاؤنٹس کا اسٹیمنٹ آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ مالی سال ختم ہونے کے چار ماہ کے اندر کمیٹی کے حوالے کیا جائے گا. |
| واجبات کی وصولی<br><br>Recovery of dues | 26. اس آرڈیننس کے تحت کسی شخص یا افراد کی باڈی یا ایجنسی سے قابل وصولی تمام رقوم لینڈ روینیو کے واجبات کے طور پر وصول کی جائیں گی۔ |

باب – VII

Chapter _ VII

طریقہ کار اور جرمانہ

Procedure And Penalties

جرم کا ازالہ

Cognizance of offence

27. کسی بھی عدالت کو اس آرڈیننس یا کسی قواعد کے تحت قابل سزا کسی جرم پر دائرہ اختیار حاصل نہیں ہو گا، سوائے بیورو یا اس سلسلے میں اس کی طرف سے مکمل طور پر با اختیار بنائے گئے شخص کی طرف سے تحریر میں کی گئی رپورٹ کے.

باب – VIII

Chapter _VIII

متفرق گنجائشیں

Miscellaneous Provisions

افراد جو سرکاری ملازم سمجھے جائیں گے

Persons deemed to be public servants

28. اس آرڈیننس کی گنجائشوں یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت مقصد حاصل کرنے کے لیئے بورڈ، کمیٹی یا بیورو کی اتھارٹی کے زیر تحت کام کرنے والے تمام ملازمین پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 21 کے تحت سرکاری ملازم سمجھے جائیں گے.

| | |
|---|---|
| 29.اس آرڈیننس یا کچھ قواعد کے تحت یا مطابق اچھی نیت سے کچھ کرنے یا کچھ کرنے کے ارادے پر کسی شخص خلاف کوئی کیس، مقدمہ یا دوسری کوئی قانونی کاروائی نہیں کی جائے گی. | ایکٹ کے تحت اقدام لینے والوں کا تحفظ<br><br>Protection to persons taking action under the Ordinance |
| 30. کمیٹی یا بیورو کے تمام اقدام یا کاروائیاں بورڈ کے زیر ضابطہ ہوں گے اور بورڈ ایسے کسی قدم یا کاروائی کو ملتوی یا تبدیل کر سکتا ہے. | بیورو کے اقدام اور کاروائیوں پر حکومت کے ضوابط<br><br>Control of Government over acts and proceeding of the Bureau |
| 31. بورڈ کمیٹی یا بیورو اور کمیٹی بیورو سے اس آرڈیننس کے تحت کوئی دستاویز، ریٹرن، اسٹیمنٹ، اسٹیٹکس یا کسی دوسرے معاملے کے متعلق کوئی دوسری معلومات طلب کر سکتے ہیں اور کمیٹی، جیسا معاملہ ہو، بیورو ایسی طلبی پر عمل کرے گا. | ہدایات دینے کے اختیار<br><br>Power to give Directions |

32. بیورو ہر مالی سال ختم ہونے کے تین ماہ کے اندر کمیٹی کے ذریعے اس سال کے معاملات چلانے کے لیئے متعلقہ سالانہ رپورٹ رکارڈ کو جمع کرائے گا۔

سالانہ رپورٹ

Annual report

33. حکومت اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے کے مقصد کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

حکومت کا قواعد بنانے کا اختیار

Power of Government to make rules

34. بیورو اس آرڈیننس کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے ضوابط بنا سکتا ہے، جو آرڈیننس یا قواعد کے متضاد نہ ہوں۔

بیورو کے ضوابط بنانے کے اختیار

Power of the Bureau to make regulations

35. کراچی ڈویژن (ٹریفک انجنیئرنگ) آرڈیننس، ۱۹۸۵ کو اس کے بعد منسوخ کیا جاتا ہے۔

1985 کے سندھ آرڈیننس نمبر V کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance V of 1985

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**